مَن لَّمۡ یَسۡـَٔلِ اللّٰهَ یَغۡضَبۡ عَلَیۡهِ (ترمذی ج ۲ ص ۱۷۳)

جو شخص اللہ سے نہیں مانگتا اس پر اللہ کا غضب ہوتا ہے۔

ننھے منے بچوں کو
دعاؤں سے مانوس کرنیوالی
خوبصورت و دلچسپ کتاب



# دعاؤں کا گلدستہ


جمع و ترتیب: حضرت مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم

فاضل مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ ○ فاضل جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی أَمَّا بَعْدُ ! زندگی اللہ کی بہت عظیم نعمت ہے مگر یہ باقی رہنے والی نہیں۔خوش نصیب انسان وہ ہے جو دنیا سے ایمان کی حالت میں چلا جائے۔ کلمہ پڑھتے ہوئے دنیا سے جانا ہر مسلمان کی دِلی تمنا ہوتی ہے۔ نبی کریم ﷺ کا اُمت پر بڑا احسان ہے کہ انہوں نے ہمیں ہر موقعہ پر دعاؤں کا ذخیرہ عطا کر دیا تاکہ کسی وقت بھی مسلمان اللہ کی یاد سے غافل نہ رہے۔ اگر اچانک بھی جانا پڑے تو اللہ کا نام لیتا ہوا جائے۔

زیرِ نظر کتابچہ میں بچوں کے لیے آسان دعاؤں کا انتخاب کیا ہے اور دلچسپی پیدا کرنے کے لئے ہر موقع کے مناسب خوبصورت مناظر دیئے گئے ہیں۔ کتابچہ کو مستند بنانے کے لیے حاشیہ میں حوالہ جات بھی لگا دیئے ہیں۔ والدین اور اساتذہ کرام سے اُمید ہے کہ وہ اپنی شرعی ذمہ داری کو ادا کرتے ہوئے بچوں اور بچیوں کو یہ دعائیں یاد کروائیں گے اور بر موقعہ پڑھنے کا عادی بنائیں گے۔ اگر والدین بالخصوص ماں محنت کرے تو بچے کو آسانی سے یہ دعائیں یاد ہو جائیں گی۔

انسان ذکر والی زندگی اختیار کرے تو اللہ کی رحمت سے قوی اُمید ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے غفلت والی موت سے بچائیں گے۔ جس کو ذکر والی موت نصیب ہو وہ کلمہ پڑھتا جائے گا اور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے ﴿ مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ ﴾ (ابوداود طبع بیروت ج ۳ ص ۱۹۰ حدیث نمبر رقم ۳۱۱۶ مشکوۃ ج ۱ ص ۵۰۶ طبع بیروت) ’’جس کا آخری

کلام لَآاِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ ہو جنت میں داخل ہوگا‘‘۔اور جو غفلت کی موت مرا اس کا تو ایمان بھی خطرے میں ہے۔اللہ تعالیٰ ہمارے ایمان کی حفاظت فرمائے۔آمین

اگر والدین یا اساتذہ نے تربیت میں کوتاہی کی تو خطرہ ہے کہ قیامت کے دن بچے کہہ دیں ﴿رَبَّنَـا اِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَ كُبَرَاءَ نَا فَأَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ○ رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴾ (الاحزاب:۶۷،۶۸) ترجمہ:(اے ہمارے پروردگار تحقیق ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی پیروی کی تو انہوں نے ہمیں راستے سے بہکا دیا۔اے ہمارے پروردگار ان کو دگنا عذاب دیجئے اور ان پر بڑی لعنت کیجئے) اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے ہاں سرخرو فرمائے اور دنیا و آخرت کی شرمندگی سے بچائے۔آمین

اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے کسی بھی طرح اس کتابچہ کی ترتیب یا اشاعت میں حصہ لیا بالخصوص جامعہ عائشہ کی انتظامیہ کو جو اس کتابچہ کے محرک ہیں اور جامعۃ الطیّبات کی معلّمات اور طالبات کو جنہوں نے اس کی تیاری میں حصہ لیا اور جامعہ زینب شاہین آباد کے مہتمم جناب مرزا حاجی عبدالرشید صاحب کو جنہوں نے اس کی تصاویر میں تعاون کیا۔

فقط


محمد سیف الرحمٰن قاسم عفی عنہ

فاضل مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ و جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ

مہتمم جامعۃ الطیبات للبنات الصالحات

۱۳ ربیع ثانی ۱۴۲۷ھ ۔۱۲ مئی ۲۰۰۶ء

# صبح کی دعا



صبح کے وقت تین مرتبہ کہے


بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ [۱]

ترجمہ: اللہ کے نام سے [ہم نے صبح کی] جس کے نام کے ساتھ آسمان یا زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

فضیلت: جو بندہ صبح کو تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لے تو شام تک اسے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائے گی۔

[۱] ابوداود ج ۲ ص ۳۵۳ طبع مکتبہ رحمانیہ لاہور۔ ابوداود بتحقیق محمد محی الدین عبدالحمید حدیث نمبر ۵۰۸۸ ج ۴ ص ۳۲۳)

# شام کی دعا



## شام کے وقت تین مرتبہ کہے


**بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ** [ا]

ترجمہ: اللہ کے نام سے [ ہم نے شام کی ] جس کے نام کے ساتھ آسمان یا زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔

فضیلت: جو بندہ شام کو تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لے تو صبح تک اسے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائے گی۔

[ا] بوداود ج ۲ ص ۳۵۳ طبع مکتبہ رحمانیہ لاہور۔ ابوداود بتحقیق محمد محی الدین عبدالحمید حدیث نمبر ۵۰۸۸ ج ۴ ص ۳۲۳)

# گھر آنے کی دعا



گھر میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھے پھر سلام کہے


اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ وَ خَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا [ا]

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اللہ کا نام لے کر نکلے اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا جو ہمارا پروردگار ہے ۔

[ا] (ابوداود ج۲ ص۳۵۴ طبع مکتبہ رحمانیہ لاہور، ابوداود ج۴ ص۳۲۵ حدیث نمبر ۵۰۹۶ طبع دار الحدیث بیروت لبنان)

قال القاری رحمہ الباری (خیر المولج) بفتح المیم وکسر اللام کالموعد ویفتح الخ (المرقاۃ شرح المشکوۃ ج۵ ص۲۱۴، طبع ملتان)

# گھر سے نکلتے وقت کی دعا



گھر سے نکلتے وقت کہے

**بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ** [۱]


ترجمہ: میں اللہ کا نام لے کر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

فضیلت: اس دعا کے پڑھنے والے کی اللہ حفاظت کرتے ہیں اور شیطان اس سے دُور ہو جاتا ہے۔

[۱] ترمذی طبع ہند ج۲ ص۱۷۹ ،

ترمذی ج۵ ص۴۹۰ بتحقیق ابراہیم عطوہ حدیث نمبر ۳۴۲۶

# کھانے کی دعائیں



## کھانا کھانے لگے تو پڑھے

**بِسۡمِ اللّٰہِ وَ بَرَکَۃِ اللّٰہِ** [۱]

ترجمہ: میں نے اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت سے کھانا شروع کیا۔

اگر شروع میں بِسۡمِ اللّٰہِ بھول گیا درمیان میں یاد آئے تو یہ پڑھے

**بِسۡمِ اللّٰہِ أَوَّلَہٗ وَآخِرَہٗ** [۲] ترجمہ: میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

## کھانے کے بعد یہ پڑھے

**اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ أَطۡعَمَنَا وَ سَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسۡلِمِیۡنَ** [۳]

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

## کسی کے ہاں کھانا کھائے تو یہ دعا بھی پڑھے


**اَللّٰھُمَّ اَطۡعِمۡ مَنۡ اَطۡعَمَنِیۡ وَاسۡقِ مَنۡ سَقَانِیۡ** [۴]

ترجمہ: اے اللہ جس نے مجھے کھلایا تو اُس کو کھلا، اور جس نے مجھے پلایا تو اُس کو پلا۔

[۱] مستدرک حاکم ج ۴ ص ۱۰۷ [۲] ترمذی ج ۲ ص ۸ طبع ہند ترمذی تحقیق ابراہیم عطوہ ج ۴ ص ۲۸۸ حدیث نمبر ۱۸۵۸

[۳] شمائل ترمذی ص ۱۳، ابوداود ج ۲ ص ۱۸۲، ابوداود تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید ج ۳ ص ۳۶۶ حدیث نمبر ۳۸۵۰ طبع دارالکتب العلمیۃ بیروت لبنان ابن ماجہ ج ۲ ص ۱۰۹۲ حدیث نمبر ۳۲۸۴ [۴] مسلم ج ۳ ص ۱۲۲۶ حدیث نمبر ۲۰۵۵

# پانی پینے کی دعا



## پینے سے پہلے

پانی وغیرہ بیٹھ کر تین سانس میں پیئے اور سانس برتن کے اندر نہ لے پینے لگے تو کہے

بِسْمِ اللّٰہِ

## پینے کے بعد کہے


اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

اور یا کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَقَانَا عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِهٖ وَلَمْ یَجْعَلْهُ مِلْحًا أُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا [۱]

ترجمہ: اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں میٹھا خوشگوار پانی پلایا اور ہمارے گناہوں کے باعث اس کو کڑوا اور بدذائقہ نہ بنا دیا۔

[۱] کنز العمال ج ۷ ص ۱۱۱ تا ۱۱۳ طبع موسسۃ الرسالۃ بیروت)

# آب زمزم پینے کی دعا




آب زمزم پیئے تو کہے

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ** [۱]

ترجمہ:۔اے اللہ میں آپ سے مانگتا ہوں نفع دینے والا علم وسیع رزق اور شفاء ہر بیماری سے۔


نوٹ: آب زمزم پیتے وقت پانی پینے کی دوسری دعائیں بھی پڑھے۔

[۱] مستدرک حاکم ج۱ص۴۷۳، حدیث رقم ۱۷۷۵



http://mujahid.xtgem.com

# دودھ پینے کی دعا




دودھ پینے کے بعد کہے

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ [۱]


ترجمہ: اے اللہ برکت دے مجھے اس میں اور زیادہ دے مجھے اس سے۔

[۱] شرح السنۃ ج ۱۱ ص ۳۸۸، حدیث نمبر ۳۰۵۵۔ ابوداود ج ۲ ص ۱۶۸ طبع مکتبہ رحمانیہ لاہور
ابوداود بتحقیق محمد محی الدین عبدالحمید حدیث نمبر ۳۷۳۰ ج ۳ ص ۳۳۹



http://mujahid.xtgem.com

# افطاری کی دعا



## روزہ افطار کرنے لگے تو کہے

**اَللّٰهُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ أَفْطَرْتُ** [۱]

ترجمہ: اے اللہ میں نے تیرے لئے ہی روزہ رکھا تیرے ہی دیئے ہوئے رزق پر روزہ کھولا۔

## افطاری کے بعد کہے

**ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ** [۲]

ترجمہ: پیاس چلی گئی رگیں تر ہوگئیں اور ثواب ثابت ہو چکا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

## کسی کے ہاں افطاری کرے تو یہ دعا بھی پڑھے

**اَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلَائِکَةُ** [۳]

ترجمہ: تمہارے پاس روزے دار روزہ کھولیں، تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تمہارے لئے دعائے رحمت کریں۔

---

[۱] ابوداود طبع مکتبہ رحمانیہ ج اص ۳۴۲، ابوداود بتحقیق محمد محی الدین عبد الحمید ج ۲ص ۳۰۶ حدیث نمبر ۲۳۵۸ طبع دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان


[۲] ابوداود طبع مکتبہ رحمانیہ ج اص ۳۴۲، ابوداود بتحقیق محمد محی الدین عبد الحمید ج ۲ص ۳۰۶ حدیث نمبر ۲۳۵۷ طبع دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان

[۳] ابن ماجہ ج اص ۵۵۶ حدیث نمبر ۱۷۴۷



http://mujahid.xtgem.com

# سوتے وقت کی دعائیں



## سوتے وقت کہے

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِکَ أَمُوْتُ وَ أَحْيَا [۱]

ترجمہ: اے اللہ میں تیرے نام سے مرتا ہوں اور تیرے نام سے جیتا ہوں۔

## سوتے وقت نیند نہ آئے تو کہے

اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَ هَدَأَتِ الْعُيُوْنُ وَأَنْتَ حَیٌّ قَيُّوْمٌ لَا تَأْخُذُکَ سِنَةٌ وَلَانَوْمٌ يَا حَیُّ يَا قَيُّومُ أَهْدِئْ لَيْلِیْ وَأَنِمْ عَيْنِیْ [۲]

ترجمہ: اے اللہ ستارے چھپ گئے اور آنکھوں نے آرام لیا اور تو زندہ اور قائم رہنے والا ہے تجھے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند آتی ہے اے زندہ اور قائم رہنے والے میری رات پرسکون بنا دے اور میری آنکھ کو سلا دے۔


[۱] بخاری طبع کراچی ج ۲ ص ۹۳۶ سطر ۱۸، بخاری مع تحقیق فواد عبدالباقی ج ۴ ص ۱۵۵ حدیث نمبر ۶۳۱۴

[۲] عمل الیوم واللیلة لابن السنی تحقیق عبدالرحمن کوثر البرنی ص ۶۷۷ حصن حصین ص ۹۵



http://mujahid.xtgem.com

# بیداری کی دعا



سوکر اٹھے تو یہ دعا پڑھے

**اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ أَحْیَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ** [۱]


ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لئے جس نے ہمیں مار کر زندگی بخشی اور اسی کی طرف ہمیں اٹھ کر جانا ہے۔

[۱] بخاری طبع کراچی ج۲ص۹۳۶سطر۱۸،
بخاری مع تحقیق فؤادعبدالباقی ج۴ص۱۵۵حدیث نمبر۲۳۱۴



http://mujahid.xtgem.com

# بیت الخلاء جانے کی دعا




بیت الخلاء جانے سے پہلے کہے

اَللّٰهُمَّ اِنّیٓ أَعُوذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَ الْخَبَائِثِ [۱]

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں خبیث جنوں سے نر ہوں یا مادہ۔

ادب یہ ہے کہ بیت الخلاء میں پہلے بایاں پاؤں داخل کرے۔ [۲]

---


[۱] بخاری ج ۲ ص ۹۳۶ طبع کراچی، بخاری مع تحقیق فواد عبد الباقی ج ۴ ص ۱۵۷ حدیث نمبر ۶۳۲۲،
ترمذی طبع ہند ج ۱ ص ۲۳ ، ترمذی ج ۱ ص ۱۰ تحقیق احمد محمد شاکر حدیث نمبر ۵

[۲] ریاض الصالحین ص ۲۶۱



http://mujahid.xtgem.com

# بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا




بیت الخلاء سے نکل کر کہے

غُفْرَانَکَ [۱] اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ أَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ [۲]

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے بخشش کا سوال کرتا ہوں۔ سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذاء دینے والی چیز دُور کی اور مجھے عافیت عطا فرمائی۔

ادب یہ ہے کہ بیت الخلاء سے دایاں پاؤں پہلے نکالے۔[۳]

[۱] ترمذی طبع ہندج ۱ص ۲۳ ، ترمذی ج ۱ص ۱۲ تحقیق احمد محمد شاکر حدیث نمبر ۷
ابن ماجہ تحقیق فؤاد عبدالباقی ج ۱ص ۱۱۰ حدیث نمبر ۳۰۰


[۲] ابن ماجہ تحقیق فؤاد عبدالباقی ج ۱ص ۱۱۰ حدیث نمبر ۳۰۱

[۳] ریاض الصالحین ص ۲۶۰



http://mujahid.xtgem.com

# وضوء کی دعائیں



وضو کے شروع میں بِسْمِ اللّٰہِ کہے [۱]

وضو کے دوران کہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ [۲] ترجمہ:۔ اے اللہ میرے گناہ معاف فرما اور میرے گھر [قبر] کو وسیع فرما اور میرے رزق میں برکت دے

وضوء کے بعد کہے أَشْھَدُ أَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَأَشْھَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ترجمہ:۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں

فضیلت:۔ جو شخص اچھی طرح وضو کرنے کے بعد یہ دعاء پڑھے اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس سے چاہے داخل ہو [۳]

---


[۱] نسائی ج ۱ ص ۶۱ طبع بیروت، قال القاری وأقلها بسم اللّٰہ وأعلاها تکمیلها بالنعتین (شرح النقایۃ ج ۱ ص ۱۶)

[۲] عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی تحقیق عبدالرحمن کوثر البرنی ص ۲۹، ۳۰ [۳] مسلم طبع دیوبند ج ۱ ص ۱۲۲ مسلم تحقیق فواد عبدالباقی ج ۱ ص ۲۳۴



http://mujahid.xtgem.com

# مسجد میں داخل ہونے کی دعا



## مسجد میں داخل ہوتے وقت کہے

**اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ** [۱]

ترجمہ: اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

مسئلہ: مستحب یہ ہے کہ مسجد میں جاتے وقت دایاں قدم پہلے رکھے۔ [۲]


[۱] مسلم ج ۱ ص ۲۴۸ طبع دیوبند، مسلم بیروت تحقیق فؤاد عبدالباقی ج ۱ ص ۴۹۴ حدیث نمبر ۷۱۳،
ابوداود طبع مکتبہ رحمانیہ ج ۱ ص ۷۹، ابوداود ج ۱ ص ۱۲۶ حدیث نمبر ۴۶۵ تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید

[۲] ریاض الصالحین ص ۲۶۰



http://mujahid.xtgem.com

# مسجد سے نکلنے کی دعا



مسجد سے نکلتے وقت کہے

## اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ [۱]

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔


مسئلہ: مستحب یہ ہے کہ مسجد سے نکلتے ہوئے بایاں قدم پہلے باہر نکالے۔[۲]

[۱] مسلم ج ۱ ص ۲۴۸ طبع دیوبند، مسلم بیروت بتحقیق فؤاد عبدالباقی ج ۱ ص ۴۹۴، ابوداود طبع مکتبہ رحمانیہ ج ۱ ص ۷۹،
ابوداود ج ۱ ص ۱۲۷ حدیث نمبر ۴۶۵ طبع بتحقیق محمد محی الدین عبدالحمید



http://mujahid.xtgem.com

# اذان کا جواب



## اذان کے وقت کی دعائیں

اذان کے اندر جیسے موذن کہے سننے والا بھی ویسے ہی کہے ہاں جب موذن کہے حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ تو سننے والا کہے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه[ ۱ ]

فجر کی اذان میں اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ سن کر کہے صَدَقْتَ وَبَرِرْتَ[ ۲ ]

اقامت کا جواب بھی اسی طرح دے ہاں قَدْقَامَتِ الصَّلٰوةُ کے جواب میں کہے أَقَامَهَا اللّٰهُ وَأَدَامَهَا[۳]

[ ۱ ] مسلم طبع ہندج اص ۱۶۷ مسلم بتحقیق فواد عبد الباقی ج اص ۲۸۹ حدیث نمبر ۳۸۵

[ ۲ ] کتاب الاذکار للنووی ص ۹۲ قال الشارح (قوله بررت) ای بكسر الراء الاولى وحكي فتحها.... هو من قول أمير المؤمنين علي بن ابي طالب كرم الله وجهه وزاد في آخره وبالحق نطقت (الفتوحات الربانية على الأذكار النووية ج ۲ ص ۱۱۰)

[۳] ابوداود ج اص ۸۹ طبع رحمانیہ لاہور ج اص ۸۹، ابوداود بتحقیق محمد محی الدین عبد الحمید ج اص ۱۴۵ حدیث نمبر ۵۲۸



http://mujahid.xtgem.com

# اذان کے بعد کی دعا



اذان کے بعد درود شریف پڑھے پھر یہ دعا کہے

**اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ آتِ مُحَمَّدَاْ نِالْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَاْ نِالَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ**

نوٹ: وَعَدْتَہٗ تک بخاری شریف میں ہے بیہقی کی روایت میں اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ کے الفاظ بھی زائد ہیں[۱]    اذان کے بعد اس دعا سے پہلے درود شریف پڑھے۔[۲]


[۱] دیکھئے بخاری طبع کراچی ج۱ص۸۶، و بخاری مع تحقیق فواد عبدالباقی ج۱ص۲۰۸ حدیث نمبر۶۱۴ سنن کبری للبیہقی ج۱ص۴۱۰

[۲] مسلم طبع ہند ج۱ص۱۶۶، مسلم بتحقیق فواد عبدالباقی ج۱ص۲۸۸، حدیث نمبر۳۸۴ ابوداود طبع رحمانیہ لاہور ج۱ص۱۸۸ ابوداود بتحقیق محی الدین عبد الحمید ج۱ص۱۴۴ حدیث نمبر۵۲۳



http://mujahid.xtgem.com

# اوپر چڑھنے اور نیچے اُترنے کی دعائیں



اوپر چڑھتے ہوئے تو کہے

**اَللّٰہُ اَکْبَرُ**

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

نیچے اترتے ہوئے کہے

**سُبْحَانَ اللّٰہِ** [۱]

ترجمہ: اللہ ہر عیب سے پاک ہے۔

[۱] بخاری طبع کراچی ج۱ص۴۲۰ ، بخاری بتحقیق فواد عبدالباقی ج۲ص۳۵۷ حدیث نمبر۲۹۹۳



http://mujahid.xtgem.com

# بازار میں پڑھنے کی دعا



بازار جائے تو یہ دعاء پڑھے

**لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ** [۱]

فضیلت :۔ جو شخص بازار میں اس کلمہ کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس کیلئے دس لاکھ نیکیاں لکھتے ہیں دس لاکھ گناہ معاف فرماتے ہیں اور جنت میں اس کیلئے گھر بناتے ہیں۔

---

[۱] ترمذی طبع ہند ج۲ص۱۷۹ ترمذی بتحقیق ابراہیم عطوہ ج۵ص۴۹۱ حدیث نمبر۳۴۲۹



http://mujahid.xtgem.com

# کپڑا پہننے کی دعا



کپڑا پہن کر پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَاقُوَّةٍ [۱]

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے یہ پہنایا اور مجھے نصیب کیا بغیر میری کوشش اور محنت کے۔


کپڑا پہن کر اس کو پڑھنے سے اگلے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں

[۱] مشکوۃ المصابیح طبع کراچی ص ۳۷۵ مختصر سنن ابی داود للمنذری ج ۶ ص ۲۱



http://mujahid.xtgem.com

# آئینہ دیکھنے کی دعا



آئینہ دیکھ کر کہے

## اَللّٰھُمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِیْ فَأَحْسِنْ خُلُقِیْ [ ۱ ]

ترجمہ: اے اللہ تو نے اچھا بنایا میری صورت کو پس اچھا بنا دیجئے میری سیرت کو۔

[۱] مسند احمد ج ۱ ص ۴۰۳ و ج ۶ ص ۱۵۵ واللفظ لہ، الجامع الصغیر مع فیض ج ۲ ص ۱۲۰)



http://mujahid.xtgem.com

# سفر کی دعا



## سفر خواہ لمبا ہو یا چھوٹا

بِسۡمِ اللّٰہِ پڑھ کر سوار ہو پھر کہے

سُبۡحَانَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقۡرِنِيۡنَ وَاِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ [۱]

ترجمہ: اللہ پاک ہے جس نے اس کو ہمارے قابو میں دے دیا اور ہم اسے قابو میں کرنے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف جانے والے ہیں۔

## سواری سے اترنے کی دعا

رَبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ

ترجمہ: اے میرے پروردگار اتاریئے مجھ کو اتارنا برکت والا اور آپ بہترین اتارنے والے ہیں۔


---

[۱] سورۃ الزخرف، آیت نمبر ۱۳ [۲] سورۃ المؤمنون آیت نمبر ۲۹، تفسیر الدر المنثور ج ۶ ص ۹۷



http://mujahid.xtgem.com

# چاند دیکھنے کی دعائیں



## چاند دیکھ کر کہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذَا الْغَاسِقِ [۱]

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس تاریک ہوجانے والے کے شر سے

## نیا چاند دیکھ کر کہے

اَللّٰھُمَّ أَھِلَّهُ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰهُ [۲] ترجمہ: اے اللہ اس چاند کو نکال ہمارے اوپر برکت اور ایمان کے ساتھ اور خیریت اور اسلام کے ساتھ میرا رب اور تیرا رب (اے چاند) اللہ ہے۔


[۱] ترمذی طبع ہند ج ۲ ص ۱۷۱ ترمذی بتحقیق ابراہیم عطوہ ج ۵ ص ۴۵۲ حدیث نمبر ۳۳۶۶ مسند احمد ج ۶ ص ۲۰۶ حصن حصین ۲۱۶

[۲] ترمذی طبع ہند ج ۲ ص ۱۸۲ ترمذی بتحقیق ابراہیم عطوہ ج ۵ ص ۵۰۴ حدیث نمبر ۳۴۵۲



http://mujahid.xtgem.com

# آندھی کی دعا



## آندھی یا تیز ہوا کے وقت کہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَسْأَلُکَ مِنْ خَيْرِهَا وَخَيْرِ مَا فِيْهَا وَ خَيْرِ مَا أُرْسِلَتْ بِهٖ وَ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهَا وَ شَرِّ مَا فِيْهَا وَ شَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهٖ [ ۱ ]


ترجمہ: اے اللہ میں مانگتا ہوں آپ سے بھلائی اس ہوا کی اور بھلائی اس چیز کی جو اس کے اندر ہے اور بھلائی اس کی جس کے ساتھ اس کو بھیجا گیا میں پناہ چاہتا ہوں آپ سے اس ہوا کی برائی سے اور اس چیز کی برائی سے جو اس کے اندر ہے اور اس چیز کی برائی سے جس کے ساتھ اس کو بھیجا گیا۔

[۱] ترمذی طبع ہند ج ۲ ص ۱۸۲، ترمذی بتحقیق ابراہیم عطوہ ج ۵ ص ۵۰۳ حدیث نمبر ۳۴۴۹



http://mujahid.xtgem.com

# گرج چمک کی دعا



جب بادل گرجے تو کہے

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ [۱]

ترجمہ: اے اللہ ہمیں نہ ماریئے اپنے غصے سے اور نہ ہلاک کیجئے ہمیں اپنے عذاب سے اور معافی دیجئے ہمیں اس سے پہلے۔


[۱] ترمذی طبع ہند ج ۲ ص ۱۸۲

ترمذی تحقیق ابراہیم عطوہ ج ۵ ص ۵۰۳ حدیث نمبر ۳۴۵۰



http://mujahid.xtgem.com

# بارش کی دعائیں



## بارش آئے تو کہے

**اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَّافِعًا** [۱]

ترجمہ: اے اللہ فائدے مند بارش برسا۔

## بارش زیادہ ہوتو یہ دعا پڑھے

**اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا** [۲]

ترجمہ: اے اللہ برسایئے ہمارے آس پاس اور ہمارے اوپر نہیں۔

---


[۱] بخاری طبع کراچی ج۱ص۱۴۰، بخاری بتحقیق فواد عبدالباقی ج۱ص۳۲۴ حدیث نمبر۱۰۳۲

[۲] بخاری طبع کراچی ج۱ص۱۴۱، بخاری بتحقیق فواد عبدالباقی ج۱ص۳۲۵ حدیث نمبر۱۰۳۳



http://mujahid.xtgem.com

# بیمار کا وظیفہ



کسی بھی دکھ یا بیماری میں تکلیف کی جگہ ہاتھ رکھ کر کہے

بِسْمِ اللّٰهِ (تین مرتبہ)

أَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ قُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَ أُحَاذِرُ (۷ مرتبہ) [۱]

ترجمہ: میں پناہ چاہتا ہوں اللہ کی عزت اور اس کی قدرت کی اس برائی سے جو میں پاتا ہوں اور جس کا اندیشہ کرتا ہوں۔

## بخار اور ہر قسم کے درد کی دعا


بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ [۲] ترجمہ: بزرگ و برتر اللہ کے نام سے، میں پناہ لیتا ہوں خدائے بزرگ و برتر کی جوش مارنے والی رگ کے شر سے اور جہنم کی آگ کی سوزش کے شر سے

[۱] مسلم طبع دیوبند ج ۲ ص ۲۲۴، مسلم طبع بیروت تحقیق فواد عبد الباقی ج ۴ ص ۱۷۲۸ حدیث نمبر ۲۲۰۲ مشکوۃ طبع کراچی ص ۱۳۴ شرح السنۃ ج ۵ ص ۲۲۸ حدیث نمبر ۱۴۱۶ واللفظ لہ [۲] ترمذی طبع ہند ج ۲ ص ۲۹، ترمذی تحقیق ابراہیم عطوہ ج ۴ ص ۴۰۵ حدیث نمبر ۲۰۷۵ ابن ماجہ ج ۲ ص ۱۱۶۵ حدیث نمبر ۳۵۲۶



http://mujahid.xtgem.com

# عیادت کی دعا



## عیادت کے وقت مریض سے کہے

لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ [۱]

أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآؤُکَ شِفَآءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا [۲]

مریض کے پاس سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ أَنْ یَّشْفِیَکَ [۳]

[ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

فائدہ:۔ کسی بیمار یا پریشان حال کو دیکھ کر یہ دعا پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اس بیماری اور پریشانی سے بچائے رکھتے ہیں۔ اس لئے اس دعا کو بھی آہستہ آواز سے کہہ لے [۴] ]

[۱] بخاری طبع کراچی ج ۲ ص ۸۴۴ و بخاری تحقیق فواد عبدالباقی ج ۴ ص ۲۶ حدیث نمبر ۵۶۵۶


[۲] بخاری تحقیق فواد عبدالباقی ج ۴ ص ۳۱ مسلم طبع دیو بند ج ۲ ص ۲۲۲ مسلم طبع بیروت تحقیق فواد عبدالباقی نمبر ۲۱۹۱ ج ۴ ص ۱۷۲۲

[۳] ابوداود طبع مکتبہ رحمانیہ ج ۲ ص ۹۰، ابوداود تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید ج ۳ ص ۱۸۷ حدیث نمبر ۳۱۰۶، ترمذی طبع ہند ج ۲ ص ۲۹، ترمذی تحقیق ابراہیم عطوہ ج ۴ ص ۴۱۰ حدیث نمبر ۲۰۸۳، شرح السنۃ ج ۵ ص ۲۳۱ [۴] ترمذی طبع ہند ج ۲، ۱۸۰، ترمذی تحقیق ابراہیم عطوہ ج ۵ ص ۴۹۳ حدیث نمبر ۳۴۳۱



http://mujahid.xtgem.com

# آخرت کی تیاری




## قبر میں ہونیوالے سوالات اور جوابات

قبر میں فرشتے پوچھیں گے...... ﴿مَنْ رَّبُّکَ﴾ تیرا رب کون ہے؟

مؤمن جواب دے گا........... ﴿رَبِّیَ اللّٰہُ﴾ میرا رب اللہ ہے۔

فرشتے پوچھیں گے ........... ﴿مَنْ نَبِیُّکَ﴾ تیرا نبی کون ہے؟

مومن کہے گا................. ﴿نَبِیِّیْ مُحَمَّدٌ ﷺ﴾ میرے نبی حضرت محمد ﷺ ہے۔

فرشتے پوچھیں گے............ ﴿مَا دِیْنُکَ﴾ تیرا دین کیا ہے؟

مومن کہے گا.................. ﴿دِیْنِیَ الْاِسْلَامُ﴾ میرا دین اسلام ہے۔

اللہ اس نازک موقع پر ہماری حفاظت فرمائے۔ آمین

نوٹ: حوالہ جات یوں ہیں۔

مَنْ رَّبُّکَ وَمَا دِیْنُکَ وَمَنْ نَّبِیُّکَ [۱]

رَبِّیَ اللّٰہُ وَدِیْنِیَ الْاِسْلَامُ [۲]

نَبِیِّیْ مُحَمَّدٌ ﷺ [۳]

---

[۱] ابوداود ج ۳ ص ۳۱۰ طبع لاہور، ابوداود ج ۴ ص ۲۳۹ حدیث نمبر ۴۷۵۳ طبع بیروت [۲] ابوداود ج ۳ ص ۳۱۰ طبع لاہور، ابوداود ج ۴ ص ۲۳۹ حدیث نمبر ۴۷۵۳ طبع بیروت [۳] جامع الاصول ج ۱۱ ص ۱۷۷ حدیث نمبر ۸۷۰۷ مسلم طبع ہند ج ۲ ص ۳۸۶ مسلم تحقیق فؤاد عبدالباقی ج ۴ ص ۲۲۰۱ حدیث نمبر ۲۸۷۱



http://mujahid.xtgem.com

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے

## یہ کتاب سچ مچ دعاؤں کا گلدستہ ہے

اس کتاب میں

- بچوں کے لئے روزمرہ کی ضروری مستند دعاؤں کا انتخاب کیا گیا ہے
- ہر دعاء کے ساتھ خوبصورت پرکشش منظر پیش کیا گیا ہے مگر جاندار کی تصویر نہیں دی گئی
- ہر صفحہ پر خوبصورت حاشیہ لگایا گیا ہے۔
- دودھ کی دعا کے ساتھ فیڈر بھی دکھایا گیا ہے تاکہ بچے کو اسی عمر میں دعائیں سکھائی جائیں۔
- جب بچے کو یہ دعائیں یاد ہوں گی تو دوسری کتابوں سے اور دعائیں یاد کرنا بھی اس کے لئے آسان ہوگا۔
- ان دعاؤں کا بچوں کو یاد کرانا بہت بڑا صدقہ جاریہ ہے۔
- یہ کتاب ہدیے کے طور پر دینے کے لئے بہترین تحفہ ہے۔
- سکولوں اور مدرسوں میں پڑھانے کے لئے بہت موزوں ہے۔
- ایصالِ ثواب کے طور پر تقسیم کرنے کے لئے بہت اچھی ہے۔

ناشر: جامعة الطيبات للبنات الصالحات

گلی نمبر ۴ محلہ کنور گڑھ کالج روڈ گوجرانوالہ

فون: 055-4220696 موبائل: 0333-8150875

### ملنے کے پتے

ادارہ نشر واشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

مکتبہ سید احمد شہیدؒ اُردو بازار لاہور

مکتبہ مجیدیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

نفیس آرٹ فون 4217324 Cell:0321-6403547

http://mujahid.xtgem.com